جناب میاں شہباز شریف صاحب (وزیر اعلی پنجاب) اور جناب ایاز علی خان صاحب (چیف ڈرگ کنٹرولر پنجاب) کے فارمیسی الیکشن 2014 میں مبینہ دھاندلی اور اختیارات کے غیر قانونی استعمال کی مزمت

Nov. 08, 2014; No. 323/14PA; Press Release

فارماسسٹ الائینس (Pharmacist Alliance) پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن (PPA) ملک کی موجودہ جملہ انتخابی بے قائدگی اور دھاندلی کے عنوان سے پیدا ہونے والے سیاسی و انتظامی بحران کے جلد از جلد حل کیلیئے دعا گو ہے۔ ہم ایک پیشہ ورانہ تنظیم ہونے کی وجہ سے کسی بھی سیاسی، گروہی اور فرقہ ورانہ وابستگی کا انکار کرتے ہیں۔ اور ہر طرح کے سیاسی عزائم کو ایک طرف رکھتے ہوے صرف اور صرف پیشہ فارمیسی کی ترقی و بڑھوتری کو ترجیح دیتے ہیں۔ مگر اسکے ساتھ ساتھ یقیناً ہم مجموعی ملکی سیاسی، معاشی اور سماجی حالات سے الگ نہیں رہ سکتے۔ اور فارمیسی پیشہ کے گذشتہ الیکشن 2014 میں ہونے والی مبینہ دھاندلی، بددیانتی اور سرکاری اختیارات کے غیر قانونی استعمال کا **جناب میاں شہباز شریف** وزیر اعلی پنجاب کو ذمہ دار سمجھتے ہیں۔ جنکی سرکردگی میں **جناب ایاز علی خان** (چیف ڈرگ کنٹرولر پنجاب) نے سرکاری اختیارات کا غیر قانونی استعمال کیا اور انتخابی بددیانتی اور دھاندلی برپا کی۔ اسی مقصد کیلیئے انہیں راولپنڈی سے پنجاب سیکریٹ بلایا گیا۔ انکی چیف ڈرگ کنٹرولر پنجاب کی پوزیشن کیلیئے مکمل اہلیت نہ ہونے کے باوجود تعینات کیا گیا۔ جناب میاں صاحب ہی کے ایماء پر، خان صاحب نے پیشہ فارمیسی کے گلو بٹ کا بہترین کردار ادا کیا۔ اپنی بغل میں بیٹھے پنجاب کوالٹی کنٹرول بورڈ کے نگران کو چیف الیکشن کمیشن متعین کیا۔ پورے پنجاب کے الیکشن کنو یز زا پنے ماتحت سرکاری افسران متعین کئے۔ اسکے ساتھ ساتھ **جناب ایاز علی خان** صاحب نے پورے الیکشن کی براہ راست نگرانی کی۔ تمام اہم شہروں میں بنفس نفیس تشریف لے گئے۔ اسکے علاوہ جناب موصوف نے تقریباً تمام اہم اداروں میں بذات خود رابطہ فرمایا۔ جسکے نتیجے میں آج کی موجودہ PPA کی بے حثیت و بے توقیر، کمزور و لاغر پیشہ ورانہ نمائندے سامنے آئے۔ جو کسی بھی طرح کی ادویاتی و طبی سہولیات کو یقینی بنانے کی صلاحیت سے عاری ہیں۔ ان تمام حقائق کی تفاصیل ہمارے جاری کردہ قرطاس ابیض (White paper) نمبر 317/14-PA؛ مورخہ July 21, 2014 (http://pharmareview.wordpress.com/2014/08/03/the-dilemma-of-pharmacy-profession-in-pakistan-white-paper-regarding-ppa-election-2014/) میں موجود ہے۔ جناب وزیر اعلی پنجاب کا ہمارے جاری کردہ قرطاس ابیض پر کسی قسم کی کاروائی عمل میں نہ لانا انکے اس مکروہ دھندے میں ملوث ہونے کی کھلی نشاندھی کرتا ہے۔ لہٰذا ہم جناب شریف برادران اور (PML (N کے انتخابی دھاندلیاں برپا کرنے اور سرکاری وسائل و اختیارات کے غیر قانونی استعمال کے قائل ہیں۔ اسی تناظر میں فارماسسٹ الائینس کے حمائت یافتہ مرکزی صدر کے امیدوار پروفیسر ڈاکٹر سید عمر جان (یونیورسٹی آف بلوچستان) کو صرف انکے خلاف الیکشن میں آنے کی پاداش میں ملازمت سے برخاصت (Suspend) کر دیا گیا ہے۔ یہ نیک کام بھی **جناب ایاز علی خان صاحب** کے ایماء پر، یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر جاوید خان صاحب کے ہاتھوں انتہائی خوش اسلوبی سے انجام پایا ہے۔ کیونکہ یہ دونوں احباب PPA کے پروفیشنل گروپ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور سرکاری اختیارات کے غیر قانونی استعمال کے حوالے سے ایک ہی طرح کی سوچ کے حامل ہیں۔

اسلیئے ہم فارمیسی برادری، پاکستانی عوام، ملکی عدلیہ اور اہل علم و دانش سے امید کرتے ہیں کہ ملک میں قانون و انصاف کی بالادستی کیلیئے ہماری جہد مسلسل

کی حمائت جاری رکھیں گے۔ سسکتی اور بیمار انسانیت کی خدمت میں ہمارا ساتھ دینگے۔ غریب مریضوں کو بہترین اور معیاری ادویاتی سہولیات کی فراہمی میں ہماری مدد کرینگے۔ اور اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ ملک وقوم کو ظلم و بددیانتی برپا کرنے والے شرپسند عناصر سے نجات عطا فرمائے۔ آمین

فارماسسٹ الائینس (Pharmacist Alliance)، پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن

پروفیسر ڈاکٹر طٰہٰ نذیر (B.Pharm., M.Phil., Ph.D.) **Patron:** Pharmacist Alliance, PPA (Tel.:03212220885)

طاہر فاروق ((B.Pharm., M.Phil.) . **President**: Pharmacist Alliance, PPA (Tel.:03219600118)